GREATER HYDERABAD MUNICIPAL CORPORATION
NEWS CLIPPINGS
Sahara 11 SEP 2013

پیرس کے 4 رکنی وفد کی بلدی عہدیداروں سے ملاقات

میٹروپولس ورلڈ کانگریس کی تیاریوں پر میئر بلدیہ اور اعلیٰ عہدیداروں سے تبادلہ خیال

میئر بلدیہ عظیم تر حیدرآباد ماجد حسین اور کمشنر بلدیہ ایم ٹی کرشنا بابو سے پیرس کا چار رکنی وفد تبادلہ خیال کرتے ہوئے۔ (تصویر: ایس این بی)

حیدرآباد، (ایس این بی) جنرل سکریٹریٹ آف میٹروپولس رپریسیڈنسی آف میٹروپولس (پیرس ریجن) مسٹر سنیل دوبے سڈنی ڈائریکٹر فار انڈیا میٹروپولس، مسز اگینس بکارٹ، بارسلونا، منیجر انٹرنیشنل ریلیشنس، میٹروپولس، مس ٹریسا اولیور، بارسلونا، انٹرنیشنل میڈیا اینڈ کیمپین آفیسر، میٹروپولس اور مسز میری کرسٹاین بورجیس، پیرس، ایڈوائزر رپریسیڈنٹ آف میٹروپولس کے چار رکنی وفد نے کمشنر جی ایچ ایم سی ایم ٹی کرشنا بابو کے ساتھ آج یہاں سکریٹریٹ میں پرنسپال سکریٹریز بلدی نظم ونسق وشہری ترقی ایس کے جوشی اور آدھار سنہا سے ملاقات کی۔ اس وفد نے اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ اس ملاقات کا اصل مقصد 6 تا 10 ر اکتوبر 2014 کو منعقد ہونے والی میٹروپولس ورلڈ کانگریس کی تیاری کا جائزہ لینا ہے۔ یہ ایک باوقار بین الاقوامی کانفرنس ہے جس میں دنیا کے مختلف حصوں سے تقریباً 200 نمائندوں کے شرکت کی توقع ہے۔ پرنسپال سکریٹری بلدی نظم ونسق وشہری ترقی ایس کے جوشی نے کہا کہ یہ حیدرآباد کے لئے خود کو ایک بین الاقوامی شہر کے طور پر پیش کرنے کا اچھا موقع ہے۔ کیونکہ نیویارک، ٹوکیو، سیول اور دیگر بڑے شہروں کے میئرس اور شہری سرکاری نمائندے حیدرآباد کا دورہ کریں گے۔ بعدازاں اس وفد نے کمشنر جی ایچ ایم سی کے ہمراہ محمد ماجد حسین، میئر بلدیہ عظیم تر حیدرآباد سے ملاقات کی۔ میئر نے وفد کو تیقن دیا کہ جی ایچ ایم سی کی طرف سے تمام ممکنہ مدد فراہم کی جائے گی اور عہدیداروں کو وفد کے ساتھ اشتراک کرنے اور اسٹانڈنگ کمیٹی کو تجاویز پیش کرنے کی ہدایت دی تاکہ وہ اس بڑی تقریب کی شاندار کامیابی کے لئے ترقیاتی کام شروع کرنے کے لئے اسی سطح کی منظوری دینے کے قابل ہوں۔